## سوال

(517)بدعت کی تعریف

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آپ ہمیں وضاحت سے بیان کریں کہ بدعت کیا ہوتی ہے اور اس کی قسمیں کون کون سی ہیں۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بدعت سے مراد وہ عبادت ہے جو اللہ تعالیٰ نے شریعت میں نازل نہیں فرمائی۔ مثلا میلاد منانا، شب معج کا تہوار منانا اور اذان کے بعد موذن کا (ضروری سمجھ) بلند آواز سے دورد پڑھنا، وغیرہ۔ بدعت اور اس کی اقسام کی وضاحت کے لیے بہ تسے علماء نے کتابیں لکھی ہیں، جن میں سے بعض درج ذیل ہیں :

۱۔ کتاب ''السنن والمبتدعات'' از شیخ محمد احمد عبدالسلام حوامدی۔

۲۔ کتاب ''الابداع فی مضار الابتداع'' از شیخ علی محفوظ۔

یہ دونوں مصر کے علماء ہیں۔ ان سے بہت پہلے امام محمد بن وضاح نے ''کتاب البدع والنہی عنھا'' اور امام شاطبی نے ''کتاب الاعتصام'' لکھی تھی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

# فتاویٰ دارالسلام

## ج1

## محدث فتویٰ